SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۲۰۰۸

SINDH ACT NO.VII OF 2008

سندھ گوٹھ -آباد (ہاؤسنگ اسکیم) (ترمیم) ایکٹ مجریہ، ۲۰۰۸

THE SINDH GOTH- ABAD (HOUSING SCHEME) (AMENDMENT) ACT, 2008

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1987 کی دفعہ 1 کی ترمیم
Amendment of section 1 of Sind Act No. VII of 1987
۴۔ سندھ ایکٹ نمبر VIII مجریہ 1987 کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act No. VIII of 1987
۵۔ سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1987 کی دفعہ 2-A کو شامل کیا جائے گا
Insertion of section 2-A in Sind Act No. VII of 1987
۶۔ سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1987 کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Act No. VII of 1987

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ ۲۰۰۸

SINDH ACT NO.VII OF 2008

سندھ گوٹھ ۔آباد (ہاؤسنگ اسکیم) (ترمیم) ایکٹ مجریہ، ۲۰۰۸

THE SINDH GOTH- ABAD (HOUSING SCHEME) (AMENDMENT) ACT, 2008

تمہید (Preamble)

[۲۱ اگست ۲۰۰۸]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ گوٹھ ۔آباد (ہاؤسنگ اسکیم) ایکٹ، ۱۹۸۷ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ گوٹھ-آباد (ہاؤسنگ اسکیم) ایکٹ، ۱۹۸۷ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا؛

جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے نافذ کیا جائے گا:

مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اسے سندھ گوٹھ-آباد (ہاؤسنگ اسکیم) (ترمیم) ایکٹ، ۲۰۰۸ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1987 کی دفعہ 1 کی ترمیم
Amendment of section 1 of Sind Act No. VII of 1987

۲۔ سندھ گوٹھ-آباد (ہاؤسنگ اسکیم) ایکٹ، ۱۹۸۷ جس کو اس کے بعد بھی ایکٹ ہی کہا جائے گا جس کی دفعہ 1 کی ذیلی دفعہ (3)، میں مندرجہ ذیل تبدیلی ہوگی:-

"(۳) اس ایکٹ کا اطلاق صوبے کے تمام دیہوں پر ہوگا جن کی حکومت کی جانب سے اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کے کیلئے "دیہی علائقے" قرار دیاگیا ہے۔

سندھ ایکٹ نمبر VIII مجریہ 1987 کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act No. VIII of 1987

۳۔ اب بھی اس ایکٹ کی دفعہ 2 میں:

(a) ذیلی دفعہ (1) میں –

(i) شق (f) میں آنیوالے الفاظ "دیہی علائقہ" کی جگہ "علائقہ جو حکومت کی طرف سے دیہی قرار دیئے گئے ہیں " کو متبادل

سمجھا جائے گا؛ اور

(ii) شق (m) میں آنیوالے الفاظ ''سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹، کی جگہ ''سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۲۰۰۱ کے الفاظ متبادل سمجھے جائیں گے؛

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1987 کی دفعہ 2-A کو شامل کیا جائے گا
Insertion of section 2-A in Sind Act No. VII of 1987

(b) ذیلی دفعہ 2 میں آنیوالےالفاظ اور اعداد "سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹" کی جگہ "سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۲۰۰۱ کے الفاظ متبادل سمجھے جائیں گے؛

۴۔ اس کے ایکٹ میں، دفعہ 2 کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ کو شامل کیا جائے گا:-

''(2-A) حکومت اس ایکٹ کے مقاصد کے حصول کے لئے نوٹی فکیشن کے ذریعے، کسی تعلقے میں شامل دیھ یا بمطابق حالات، کسی قصبے کو دیہی علائقے کا درجہ دے سکتی ہے۔

سندھ ایکٹ نمبر VII مجریہ 1987 کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Act No. VII of 1987

۵۔ اس ایکٹ کی دفعہ 3 میں "یونین کاؤنسل" کے الفاظ کی جگہ "دیھ کے الفاظ" کو متبادل سمجھا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔